**SHB**

21-06-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے یوگ کے 11ویں بین الاقوامی دن کے موقع پر وشاکھاپٹنم میں قوم کی قیادت کی۔ انہوں نے عالمی کشیدگی کے دوران یوگ کے رول کو اُجاگر کیا اور کہا کہ یوگ سے امن کو ایک سمت ملتی ہے۔

2- اسرائیل-ایران تنازعے کے دوران آپریشن سندھو کے تحت، ایران سے 500 سے زیادہ بھارتی شہریوں کو واپس لایا جاچکا ہے۔

3- بھارت کے محکمۂ موسمیات نے مدھیہ پردیش، مشرقی اترپردیش اور ملک کے شمال مشرقی علاقوں میں آج شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

4- نیرج چوپڑہ نے، 88 اعشاریہ ایک چھ میٹر کے فاصلے پر نیزہ پھینک کر، پیرس ڈائمنڈ لیگ کا خطاب جیت لیا ہے۔

5- اور ٹیسٹ کرکٹ میں، Leeds میں شُبھمن گِل اور یشسوی جیسوال کی سنچریز کی بدولت بھارت مضبوط پوزیشن میں ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

AP Yoga Day

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آج پوری دنیا کسی نہ کسی ذہنی دباؤ سے گزر رہی ہے اور ایسی صورتحال میں یوگ ہمیں امن کی جانب ایک سمت فراہم کرتا ہے۔

وشاکھاپٹنم سے، یوگ کے بین الاقوامی دن کی تقریبات کی قیادت کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ آج 11ویں بار ہے کہ پوری دنیا 21 جون کو اجتماعی طور پر یوگ کر رہی ہے اور یہ کرشمہ ہے کہ یوگ نے پوری دنیا کو مربوط کر دیا ہے۔

*S/B PM Yoga Peace*

وزیر اعظم نے اس دن کو بین الاقوامی دن قرار دیے جانے کے سفر کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ جب بھارت نے اقوام متحدہ میں تجویز پیش کی تھی کہ 21 جون کو، یوگ کا بین الاقوامی دن قرار دیا جائے اور پھر مختصر ترین وقت میں دنیا کے

175 ممالک نے اس تجویز کی حمایت کی تھی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یہ محض تجویز کی حمایت نہیں تھی، بلکہ یہ دنیا کی، انسانیت کی فلاح کے تیئں اجتماعی کوشش بھی تھی۔

*S/B - PM Global Policy*

وشاکھاپٹنم میں آج دلکش ساحلی علاقے پر یوگ کے بین الاقوامی دن کی شاندار تقریبات منعقد کی گئیں، جن کی قیادت وزیر اعظم نریندر مودی نے کی۔ اُن کے ساتھ آندھراپردیش کے وزیر اعلیٰ این چندرابابو نائیڈو اور آیوش کے وزیر مملکت آزادانہ چارج پرتاپ راؤ جادَھو اور دیگر شخصیتیں بھی موجود تھیں۔ اس تقریب میں لگ بھگ 2 لاکھ 72 ہزار لوگوں نے حصہ لیا، جس میں مشرقی بحری کمان نے فلائی پاس کیا۔ یہ یوگ اجلاس 45 منٹ طویل تھا۔
تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

*V/C - Sai Sistla*

وشاکھاپٹنم میں آر۔کے Beach سے لے کر بھیمنی پٹنم تک 28 کلو میٹر تک کی ساحلی پٹّی پر یوگ کے بین الاقوامی دن کی تقریب میں لاکھوں لوگ جمع ہوئے، جن میں تربیت یافتہ لوگ بھی تھے اور ایسے لوگ بھی تھے، جنہوں نے یوگ پہلی بار کیا۔ اتحاد کے اس قابلِ تحسین مقابلے میں انہوں نے کھلے آسمان کے نیچے ایک ساتھ یوگ کیا، جس کا مقصد اپنی نوعیت کے سب سے بڑے اجتماع کے طور پر Guinness ورلڈ ریکارڈ میں جگہ بنا لی تھی۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں یہ یوگ اجلاس منعقد کیا گیا۔ اس سے پہلے آج ڈاک کے محکمے نے یادگاری ٹکٹ جاری کیا۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے لوگوں سے کہا کہ وہ ایک کرۂ ارض ایک صحت کے جذبے کے طور پر اپنی روزمرہ کی زندگی میں یوگ کو شامل کریں۔ انہوں نے آندھراپردیش سرکار کی بھی ستائش کی کہ اُس نے ایک ماہ طویل Yogandhra مہم چلائی، جس کے دوران تقریباً 2 کروڑ لوگوں کو یوگ کی تربیت دی گئی۔
وِجے واڑہ سے سائی سِستلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں اَسلم بیگ۔

Gujarat Yoga Day

گجرات میں یوگ کے 11 ویں بین الاقوامی دن کے موقع پر ریاستی سطح کی تقریب وَڈنگر میں Sharmishtha جھیل پر منعقد کی جا رہی ہے، جو وزیر اعظم نریندر مودی کا آبائی وطن ہے۔ اس تقریب کا موضوع ہے ''ایک کرۂ ارض ایک صحت کے لیے یوگ''، جس کی قیادت وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل کر رہے ہیں۔
صحت کے وزیر رُشی کیش پٹیل، کھیل کود کے ریاستی وزیر ہرش سانگھوی اور بہت سی دیگر شخصیتیں اس تقریب میں حصہ لے رہی ہیں۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، احمد آباد میں منعقدہ ایک یوگ پروگرام میں حصہ لے رہے ہیں۔
ایک رپورٹ

*V/C - Aparna Khunt*

ریاستی سرکار نے، یوگ کے ریاستی بورڈ اور کھیل کود، نوجوانوں اور ثقافتی امور کے محکمے کے ساتھ مل کر 60 ہزار سے زیادہ جگہوں پر یوگ کے اجلاس کا منصوبہ بنایا ہے، جس میں ڈیڑھ کروڑ سے زیادہ لوگ حصہ لے رہے ہیں۔ ریاست کا مقصد یہ بھی ہے کہ وڈنگر میں منعقدہ اس تقریب میں Bhujangasan میں نیا Guinness ورلڈ ریکارڈ قائم کیا جائے۔ وڈنگر میں یوگ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے گجرات کے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ اس ریاست سے موٹاپا پوری طرح ختم کر دیں۔ پوری ریاست میں یوگ کلچر اور یوگ ڈے میں زیادہ سے زیادہ شرکت کو فروغ دینے کے لیے یوگ کے مشترکہ اجلاس سبھی ضلعوں میں منعقد کیے گئے۔ یہ اجلاس 15 سے 20 جون کے درمیان منعقد کیے گئے۔

سماج کی بالکل نچلی سطح پر یوگ میں شرکت کو یقینی بنانے کے لیے پولیس محکمے نے یوگ سے متعلق ریلیوں اور اجلاس منعقد کیے، جبکہ گرام سبھا میں دیہی علاقوں میں یوگ کے بارے میں بیداری کو فروغ دیا۔

احمد آباد سے اپرنا کھُنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں مجیب اختر۔

بہار میں، یوگ کے 11 ویں بین الاقوامی دن کے موقع پر ریاست کی راجدھانی پٹنہ اور پوری ریاست میں زبردست جوش و خروش پایا جا رہا ہے۔ اصل سرکاری تقریب صحت اور آیوش محکمے نے پٹنہ کے کنکر باغ میں پاٹلی پُتر اسپورٹس کامپلیکس میں منعقد کی۔ نائب وزراء اعلیٰ سمراٹ چودھری اور وِجے کمار سنہا نے اس تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ جناب چودھری نے روزمرہ کی زندگی میں یوگ کی اہمیت کو اُجاگر کیا اور اپیل کی کہ صحتمند زندگی کے لیے یوگ کو اپنایا جائے۔ پوری ریاست میں موسلا دھار بارش کی وجہ سے یوگ کی سرگرمیوں اور تقریبات کو زیادہ تر، اندر کی جگہوں میں منعقد کیا گیا۔ ایک خصوصی تقریب مُنگیر میں بہار اسکول آف یوگ میں منعقد کی گئی۔

پنجاب میں، متعلقہ ضلع انتظامیہ، مختلف ضلعوں میں یوگ کے بین الاقوامی دن کی تقریبات منا رہی ہے، جس میں بڑی تعداد میں لوگ حصہ لے رہے ہیں۔ سرحدی حفاظتی فورس BSF نے پنجاب میں، اپنی سبھی شاخوں اور صدر دفتر میں یوگ کا اہتمام کیا۔ ایک خصوصی تقریب امرتسر میں اٹاری کے مقام پر مشترکہ چیک پوسٹ JCP میں منعقد کی گئی۔x

Nadda Yog Day

BJP کے صدر اور صحت و خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے، آج یوگ کے 11 ویں بین الاقوامی دن کے موقع پر نئی دلّی میں کرتویہ پتھ پر یوگ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ یوگ، روح اور ربانیت کو ملانے کا واحد وسیلہ ہے۔ جناب نڈّا نے روزمرہ کی زندگی میں یوگ کی اہمیت کو اُجاگر کیا اور اپیل کی کہ صحتمند طرزِ زندگی کے لیے یوگ کو اپنایا جائے۔

*S/B - J P Nadda*

Yoga Day

آج یوگ کے بین الاقوامی دن، قومی راجدھانی میں آکاشوانی ہیڈکوارٹرز میں یوگ کا خصوصی اجلاس منعقد کیا گیا۔

پروگرام میں آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیہ پالی وال گوڑ ADG ایل مدھو ناگ، و دیگر اہلکاروں اور عملے کے افراد نے یوگ آسنوں میں حصہ لیا۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Flight - Operation Sindhu

بھارتیوں کو ایران سے وطن واپس لانے کی کارروائی کے طور پر ایک خصوصی پرواز ترکمانستان کے اشک آباد سے دیر رات نئی دلّی پہنچی۔ اس کے ساتھ ہی آپریشن سندھو کے تحت ایران سے اب تک 517 بھارتی شہریوں کو وطن واپس لایا جاچکا ہے۔ یہ آپریشن، اسرائیل اور ایران کے درمیان جاری تنازعہ کے سبب بگڑتی ہوئی صورتحال کے مدنظر بھارتیہ شہریوں کو ایران سے بحفاظت وطن واپس لانے کیلئے شروع کیا گیا ہے۔

کل رات 290 بھارتیہ شہریوں کو بذریعہ طیارہ نئی دلّی لایا گیا۔

ایران میں بھارتی سفارتخانہ اپنے شہریوں کو کشیدگی سے متاثرہ علاقوں سے محفوظ جگہوں پر منتقل کرنے میں سرگرمی سے مدد کررہا ہے۔

بھارتی شہریوں کو ایمرجنسی ہیلپ لائن 24 گھنٹے ساتوں دن کام کرنے والے کنٹرول روم کے ذریعے تہران میں بھارتی سفارتخانے کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

تہران میں بھارتیہ سفارتخانے کے ایمرجنسی ہیلپ لائن نمبرز اس طرح ہیں:

+98 9128109115

+98 9128109109

ای-میل ہے:

cons.tehran@mea.gov.in

Rajnath Singh Operation Sindoor

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور سے دہشت گردوں اور ان کے آقاؤں کو بہت سخت پیغام پہنچا ہے کہ بھارت دہشت گردی کو برداشت نہیں کرے گا بلکہ پوری طاقت اور حکمتِ عملی کے ساتھ جواب دے گا۔

کل جموں و کشمیر، اودھم پور میں شمالی کمان کے فوجیوں کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے وزیر دفاع نے پاکستان اور پاکستان کے قبضے والے کشمیر میں دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے کو تباہ کرنے میں مسلح افواج اور خفیہ ایجنسیوں کی درستگی، تال میل اور حوصلے کی ستائش کی۔

*S/B - Rajnath Singh*

Iran - Israel Geneva Talks

ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اسرائیل کے ساتھ جاری کشیدہ صورتحال کو مزید ابتر ہونے سے روکنے کے لیے جنیوا میں یوروپی وزراء خارجہ سے ملاقات کی۔ بات چیت میں فرانس، انگلینڈ، جرمنی اور یوروپی یونین کے رہنما شامل تھے۔

یہ میٹنگ ڈونالڈ ٹرمپ کے اُس بیان کے بعد کی گئی، جس میں انہوں نے کہا تھا کہ وہ دو ہفتے کے اندر اندر ایران کی حمایت کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ یوروپی لیڈروں نے ایران سے اپیل کی کہ وہ کشیدگی ترک کرے اور واپس مذاکرات کے راستے پر آجائے۔ انہوں نے کہا کہ ایران نے امریکہ سمیت وسیع معاملات نیز اپنے نیوکلیائی پروگرام کے بارے میں بات چیت پر رضامندی ظاہر کی۔

جناب عراقچی نے بات چیت کو سنجیدہ اور قابلِ احترام قرار دیا اور کہا کہ اگر اسرائیل حملے روک دیتا ہے تو ایران سفارتکاری کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے اسرائیل کے حملوں کی مذمت نہ کرنے کے لیے یوروپی ممالک کی نکتہ چینی کی۔ حملوں کے بعد سے ایران اور مغربی رہنماؤں کے درمیان یہ پہلی مصدقہ بالمشافہ میٹنگ تھی۔×

India Russia - Putin

روسی صدر ولادیمیر پتن نے کہا ہے کہ روس کو بھارت کے ساتھ 2030 تک طویل مدتی تعاون کے عملی منصوبے کو جلد ہی حتمی شکل دینی چاہئے۔ کل سینٹ پیٹر برگ بین الاقوامی اقتصادی فورم SPIEF کے مکمل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے روس کے صدر نے اعلان کیا کہ ماسکو بھارت سمیت کلیدی شراکت دار ممالک کے ساتھ طویل مدتی اقتصادی تعاون کی طرف آگے بڑھ رہا ہے۔ انھوں نے اس بات سے انکار کیا کہ چین اور روس ایک نیا کثیر قطبی عالمی نظام تشکیل دے رہے ہیں۔

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے SPIEF 2025 میں بھارت کی نمائندگی کی۔ جناب ویشنو نے دو اہم اجلاسوں سے کلیدی خطاب کیا اور مصنوعی ذہانت AI کے تعلق سے بھارت کی ترقی اور ٹکنالوجی کی ترقی میں اخلاق اور شمولیت پر مبنی بھارت کے ویژن کو اجاگر کیا۔

*S/B - Vaishnav*

اس سال SPIEF کا موضوع ہے 'مشترک اقدار-کثیر قطبی دنیا میں ترقی کی بنیاد'۔×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے مدھیہ پردیش، مشرقی اترپردیش اور ملک کے شمال مشرقی حصوں میں آج شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، انڈمان اینڈ نکوبار جزائر، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، مغربی اترپردیش اور مشرقی راجستھان میں بھی آج تیزی بارش ہونے کا امکان ہے۔

جبکہ کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر اور گجرات میں اوسط سے شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

محکمے کے مطابق کیرالا، لکشدیپ، ساحلی کرناٹک، ساحلی آندھرا پردیش اور تلنگانہ میں آج ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہوسکتی ہے۔×

Sports Round Up

بھارت کے معروف ایتھلیٹ نیرج چوپڑہ نے کل رات Stade Sebastien Charlety کے مقام پر 88 اعشاریہ ایک چھ میٹر کے فاصلے پر نیزہ پھینک کر پیرس ڈائمنڈ لیگ 2025 کا خطاب جیت لیا ہے۔ اولمپک میں دو مرتبہ کے تمغہ یافتہ نیرج نے جرمنی کے Julian Weber کو ہراکر یہ خطاب حاصل کیا ہے۔ پہلی مرتبہ نیرج نے اس سیزن میں Weber سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

ادھر ٹسٹ کرکٹ میں لیڈس میں جاری اینڈرسن-تینڈولکر ٹرافی کے افتتاحی میچ میں پہلے دن کا کھیل ختم ہونے پر بھارت نے 3 وکٹ پر 359 رن بنالئے تھے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت کی طرف سے Yashasvi Jaiswal اور کے ایل راہل نے شاندار شروعات کی۔ جیسوال نے سنچری بنائی، جبکہ شُبھمن گِل نے بھارتی ٹیم کو مستحکم بنانے میں اہم رول ادا کیا۔ آج سہ پہر کپتان شُبھمن گِل اور نائب کپتان رِشبھ پنت میچ کے دوسرے دن گل کے 359 رن کے اسکور سے آگے کھیلیں گے۔

ادھر FIH ہاکی پرو لیگ میں بھارتی مردوں اور خواتین ٹیم کا مقابلہ آج اور کل بیلجیم سے ہوگا۔ بھارتی مردوں کی ٹیم سردست درجہ بندی میں آٹھویں مقام پر ہے، جبکہ اس کے دو میچ باقی رہ گئے ہیں۔ دن میں بھارتی ٹیم جیت کے ساتھ اپنی مہم کا اختتام کرنے کی کوشش کریں گے۔×

## یہ تھی خبریں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: مجیب اختر

شکریہ - شبانہ

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے وزیر اعظم کے بہار دورے کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اس موقع پر جناب مودی نے بہار میں 5 ہزار 900 کروڑ روپے کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگِ بنیاد رکھا اور کہا کہ خوشحال بہار ملک کی مجموعی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرے گا۔

صدر جمہوریہ نے دہرادون میں کئی پروگراموں میں شرکت کی۔ اس خبر پر روزنامہ پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس نے توجہ مرکوز کی ہے۔ اخباروں کے مطابق محترمہ مرمو نے ان تقریبات میں متعدد عوامی سہولیات کا افتتاح کیا، جن میں وزیٹر فیسلیٹیشن سینٹر اور راشٹرپتی نکیتن وغیرہ شامل ہیں۔

متعدد اخباروں نے آج یوگا کا بین الاقوامی دن منائے جانے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے، جن میں کہا گیا ہے کہ ملک کی سرکردہ شخصیات مختلف ریاستوں میں یوگ کی تقریبات میں شرکت کریں گی۔

انسانی دماغ، مصنوعی ذہانت AI سے برتر رہے گا۔ بھارت میں ملازمت کے خاتمے کا کوئی خدشہ نہیں ہے۔ یہ بات تجارت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے لندن میں منعقدہ ایک تقریب میں کہی، اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے اجاگر کیا ہے۔

جبکہ روزنامہ انقلاب امریکہ کے اعلیٰ افسران کے ساتھ اسرائیلی وزیر اعظم نتن یاہو کی میٹنگ کی خبر کو اوّلیت دی ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے یوگ کے 11ویں بین الاقوامی دن کے موقع پر وشاکھاپٹنم میں قوم کی قیادت کی۔ انہوں نے عالمی کشیدگی کے دوران یوگ کے رول کو اُجاگر کیا اور کہا کہ یوگ سے امن کو ایک سمت ملتی ہے۔

2- اسرائیل-ایران تنازعے کے دوران آپریشن سندھو کے تحت، ایران سے 500 سے زیادہ بھارتی شہریوں کو واپس لایا جاچکا ہے۔

3- بھارت کے محکمۂ موسمیات نے مدھیہ پردیش، مشرقی اترپردیش اور ملک کے شمال مشرقی علاقوں میں آج شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

4- نیرج چوپڑہ نے، 88 اعشاریہ ایک چھ میٹر کے فاصلے پر نیزہ پھینک کر، پیرس ڈائمنڈ لیگ کا خطاب جیت لیا ہے۔

5- اور ٹیسٹ کرکٹ میں، Leeds میں شُبھمن گِل اور یشسوی جیسوال کی سنچریز کی بدولت بھارت مضبوط پوزیشن میں ہے۔

**اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔**

---------------------------------------